Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

# پاکستان تحریک انصاف کا یومِ یکجہتی کشمیر کے موقع پر خصوصی پیغام

انتہا پسند بھارت کے ظالمانہ قبضے کیخلاف اہلِ کشمیر کی دہائیوں پر محیط حقِ خودارادیت کیلئے بے مثال جدوجہد کی بھرپور حمایت کا اعادہ

یوم یکجہتی کشمیر انسانی تاریخ کے ایک تاریک باب کو اجاگر کرتا ہے جب 76 سال قبل بھارتی افواج نے جموں و کشمیر پر بغیر کسی اخلاقی و آئینی جواز کے زبردستی قبضہ کیا،

مقبوضہ کشمیر پر بھارتی جابرانہ تسلط کو قائم ہوئے 76 برس بیت چکے اور بھارتی قابض فوج کی جانب سے انسانی حقوق کی پامالیوں کا بدترین سلسلہ آج بھی جاری ہے،

قابض بھارتی فوج کے مظلوم کشمیریوں پر انسانیت سوز مظالم اور ریاستی دہشتگردی کا سلسلہ اہلِ کشمیر کی حقِ خودارایت کی جدوجہد اور جذبے میں کمی کی بجائے مزید شدت اور تیزی کا باعث بنا،

ہندوستان مقبوضہ کشمیر میں ریاستی دہشت گردی، بے گناہ کشمیریوں کے ماورائے عدالت قتل، آزادی اظہار رائے پر پابندیوں میں ملوث ہے جس کی دنیا گواہ ہے،

اہلِ کشمیر پر 10 لاکھ سے زائد قابض فوج نے مقبوضہ علاقے کو دنیا کی سب سے بڑی جیل میں منتقل کر رکھا ہے مگر بھارتی مظالم کی ہولناکی اور ریاستی دہشتگردی کے باوجود کشمیری عوام پر عزم ہیں،

بھارت کی یک طرفہ کارروائیاں آر ایس ایس سے متاثر ہندوتوا سوچ کی عکاس ہیں، مقبوضہ کشمیر میں فوجی محاصرے اور 5 اگست 2019 کے یک طرفہ اقدام نے 'ہندوتوا' نظریہ کو بے نقاب کیا،

**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

**Central Media Department**

بی جے پی کی صورت ہندوستان پر قابض ہندوتوا ذہنیت اور انتہا پسند اقدامات سے خطے کے امن کو شدید خطرہ لاحق ہے،

جموں و کشمیر پر بھارت کا غیر قانونی قبضہ ایک بین الاقوامی تنازع ہے اور اس تنازع کا حل اقوام متحدہ کے چارٹر اور سلامتی کونسل کی قراردادوں کی پیروکاری ہیں،

اقوام متحدہ سمیت رکن ممالک کی اجتماعی ذمہ داری ہے کہ بھارت سے اپنی بین الاقوامی ذمہ داریوں کی تعمیل کو یقینی بنانے کیلئے کردار ادا کریں، عالمی برادری ہندوستان کو ریاستی دہشت گردی کے ذریعے خطے کو غیر مستحکم کرنے کی کوششوں سے روکے، ترجمان تحریک انصاف

تحریک انصاف اقوام متحدہ سے مطالبہ کرتی ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں اب تک اپنی منظور کی جانے والی 5 قراردادوں پر عملدرآمد یقینی بناتے ہوئے کشمیری عوام کو بھارت کے جابرانہ تسلط سے نجات دلائے،

تحریک انصاف حقِ خودارادیت کے حصول کیلئے اہلِ کشمیر کی منصفانہ و بے مثال جدوجہد کی بھرپور سیاسی و اخلاقی حمایت جاری رکھے گی،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ